| 1۔مارچ | سالِ اوّل روزوں کا دوسرا اتوار | اتوار |
|---|---|---|

تکوین 12:1۔4
زبور 32
2۔تیمتاؤس 8:1۔10
متی 17:1۔9

**رنگ جامنی**

## مرکزی آیت: ''وہ بہت ڈر گئے۔'' متی 6:17

یسوع جو پہاڑ پر دعا کر رہے تھے، یکا یک نور سے چمکنے لگے اوراس کے کپڑے برف کی مانند سفید ہو گئے۔شاگردوں نے خدا کا دیدار کیا اور خوف سے بھر گئے۔یسوع نے انہیں چھوا اور دلاسہ دیا: ''ڈرو مت!'' سچا خدا خود یسوع میں ظاہر ہوتا ہے بلکہ وہ خود یسوع ہی ہے۔وہ محبت ہے جو زندگی بخشتی ہے، وہ خوشی ہے، وہ سلامتی ہے!

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

دانیال 4:9۔10　　زبور 78　　رنگ جامنی

لوقا 36:6۔38

**مرکزی آیت: ''ہم نے تیرے خلاف گناہ کیا۔'' دانیال 8:9**

دانیال یہ تسلیم کرتے ہوئے فروتنی اور توبہ کے ساتھ دعا کرتا ہے کہ قوم پر ظلم اور جلاوطنی خدا کی نافرمانی کا نتیجہ ہے۔ گناہ کرنا دراصل یہ ہے کہ انسان خود کو خدا کی جگہ رکھے، اپنی خواہشات کو اس کی مرضی سے زیادہ اہم اور عقل مند سمجھے۔ وہ مخلوق جو اپنے خالق کی محبت کو ٹھکرا دیتی ہے وہ کہاں جا سکتی ہے؟ اے رحم دل باپ، میں نے تیرے خلاف گناہ کیا ہے، مجھے اپنی مہربانی سے واپس قبول فرما!

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

اشعیا 1:10، 16۔20

زبور 49

رنگ جامنی

متی 23:1۔12

**مرکزی آیت: ''جو کوئی اپنے آپ کو فروتن کرے گا، وہ سرفراز کیا جائے گا۔'' متی 23:12**

جس شخص نے اس دن کا انتظام کیا تھا، اس نے کسی اور کو وہ خدمت سونپی جو میں خوشی سے انجام دیتا تھا۔ میں نے کوشش کی کہ فروتنی کے ساتھ اپنی جگہ پر قائم رہوں۔ لیکن زیادہ دیر نہ گزری تھی کہ مجھے ایک اور بھی خوبصورت خدمت کے لئے بلا لیا گیا۔

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................



## مقدس کاسمیر

رنگ جامنی

ارمیا18:18۔20

زبور30

متی20:17۔28

### مرکزی آیت: ”لیکن تم میں ایسا نہ ہوگا۔“ متی26:20

اے یسوع! آپ نے اپنے شاگردوں کے ساتھ کتنے صبر کا مظاہرہ کیا۔آپ یروشلم جا رہے تھے تاکہ خود کو قربان کریں، صلیب دئے جانے کو قبول کریں۔اور وہ اس وقت بھی بڑا بننے، عظیم ہونے کی سوچ میں تھے۔”لیکن تم میں ایسا نہ ہوگا“۔آپ آج بھی یہ الفاظ دہرا کر مجھے یاد دلاتے ہیں۔اے یسوع! تیرا شکر ہو کہ آپ میری مدد کرتے ہیں۔کہ میں دنیا کے طور طریقوں سے مختلف جینے کی کوشش کروں۔حاکم بننے کی بجائے خادم بننے پر زیادہ توجہ دوں۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

ارمیا17:5۔10 زبور1

رنگ جامنی

لوقا16:19۔31

**مرکزی آیت: ''میں خداوند، دلوں کو جانچتا اور دماغوں کو آزماتا ہوں۔'' ارمیا17:10**

اے خداوند! آپ ہمارے دلوں میں کیا تلاش کرتے ہیں؟ آپ مجھے مقدس نوشتوں سے جواب دیتے ہیں۔ ''مبارک ہے وہ انسان جو خداوند پر توکل کرتا ہے۔ میں کس پر نظر ڈالوں گا؟ خاکسار اور پشیمان دل والے پر! اس نے اپنے خادم کی فروتنی پر نظر کی۔ خدا خوشی سے دینے والوں سے محبت کرتا ہے۔''

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

تکوین 3:37۔4،12۔13،17۔28 زبور 104

متی 21:33۔43،45۔46

رنگ جامنی

**مرکزی آیت: ''وہ اسے نبی مانتے تھے۔'' متی 21:46**

یسوع نے باپ کا ذکر کرتے ہوئے اس کی محبت کا اعلان کیا اور وہ ٹھوس نشانیاں دیں جو بعض اوقات فطرت کے قوانین سے بھی بڑھ کر تھیں۔

وہ واقعی نبی تھے۔تم بھی جب باپ کی محبت کے بارے میں بات کرتے ہو۔۔۔خواہ بغیر الفاظ کے ہی کیوں نہ ہو۔۔۔اور اس کے محتاج ترین بچوں سے محبت سے پیش آتے ہوتو تم بھی ایک نبی ہو جو ان کو خدا کی ذات سے آگاہ کرتے ہو۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

## مقدس پرپتیتوااَور فیلیستا، شہید

رنگ جامنی یا سرخ



میکا7:14۔15،18۔20

زبور102

لوقا15:1۔3،11۔32

**مرکزی آیت: ''وہ کھو گیا تھا اور مل گیا ہے۔''لوقا15:32**

یسوع ہمیں مدد دیتے ہیں کہ ہم گنہگاروں سے اس کی محبت کی مثال کو اپنائیں۔اور ہر اس شخص کے لئے اس کے ساتھ خوشی منائیں جو اپنے گناہ کو پہچانتا ہے اور واپس آ کر اس کے ساتھ رہنے کا فیصلہ کرتا ہے۔جیسے گمراہ بیٹا۔اے یسوع اس تمثیل کے لئے شکریہ جو طاقت، روشنی اور رحمت سے بھرپور ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| اتوار | سال اوّل روزوں کا تیسرا اتوار | 8۔مارچ |
|---|---|---|



| رنگ جامنی | مقدس یوحنا، خادمِ خدا راہب |
|---|---|

زبور94

خروج17:3۔7

یوحنا4:5۔42

رومیوں5:1۔2،5۔8

**مرکزی آیت: ''یہ واقعی دنیا کا نجات دہندہ ہے۔'' یوحنا4:42**

یہ گواہی نتیجہ نہیں بلکہ ایمان کا اعلان ہے، جس تک سامری یسوع کو سننے کے بعد پہنچے۔ وہ اس کے پاس آئے کیونکہ انہوں نے اپنے ہی میں سے ایک کی گواہی کو حقیر نہ جانا یعنی ایک عورت، بلکہ ایک ایسی عورت جسے کمتر سمجھا جاتا تھا۔ پھر بھی اسی کے ذریعے وہ یسوع کو پہچاننے کا تجربہ کرتے ہیں، اور گواہی دیتے ہیں کہ وہ اپنی محبت سے دنیا کو نجات دیتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 9۔مارچ | سالِ دوئم روزوں کے ایام | سوموار |
|---|---|---|



**روما کی مقدسہ فرانسیکا، راہبہ** | **رنگ جامنی**

**2۔ملوک 5:1۔15** | **زبور 41۔42**

**لوقا 4:24۔30**

**مرکزی آیت: "اب میں جان گیا ہوں کہ سوائے اسرائیل کے تمام زمین پر کوئی خدا نہیں۔" 2۔ملوک 5:15**

کل ہم نے دیکھا کہ سامری جنہیں بدعتی سمجھا جاتا تھا، یسوع کو دنیا کا نجات دہندہ تسلیم کرتے ہیں۔ آج ایک غیر قوم، بلکہ دشمن لوگوں میں سے ایک شخص، اس حد تک چلے جاتا ہے کہ اقرار کرتا ہے کہ سچا خدا صرف وہی ہے۔ جس پر بنی اسرائیل ایمان رکھتے ہیں۔ نعمان نے اس حقیقت کا ذاتی تجربہ کیا۔ اے یسوع تیرا شکر ہو کہ تیرے وسیلے سے ہم اپنے آسمانی باپ کی قربت کے نشان دیکھتے ہیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

دانیال 3:25، 34۔43 | زبور 24 | رنگ جامنی

متی 18:21۔35

**مرکزی آیت: ''آقا نے ترس کھایا اور اس کا قرض معاف کر دیا۔'' متی 18:27**

یسوع ہم گنہگاروں کے لئے خدا باپ کا رحم بھرا دل دکھاتے ہیں۔ پھر وہ ہمیں رہنمائی دیتے ہیں کہ ہم بھی اپنے پڑوسی سے ایسی ہی محبت کریں۔ وہی تمثیل کا آقا ہے جو سارا قرض معاف کر دیتا ہے۔ وہی ہے جس کی ہم پیروی کرتے ہوئے اس کے نام پر ہر بار خوشی سے معاف کرنا چاہتے ہیں۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

تثنیہ شرع 4:1، 5۔9 زبور 147 رنگ جامنی

متی 5:17۔19

**مرکزی آیت: ’’اور تو اپنی اولاد کو بھی ان کی تعلیم دینا۔‘‘ تثنیہ شرع 4:9**

خدا اپنے لوگوں کو اپنی حکمت کے کلام کو یاد رکھنے کی تلقین کرتا ہے۔ آج کی تلاوت میں وہ ہمیں یاد دلاتا ہے کہ کون سی قوم ہے جس کے پاس ایسے عدل والے قوانین اور اصول ہیں، جیسے آج میں تمہیں دے رہا ہوں۔ وہ ہم کو دعوت دیتا ہے کہ ان باتوں کو دعا کی صورت میں اپنے گھر اور سفر میں دہرائیں۔ اے یسوع تیرا شکر ہو کہ تیرے کلام پر دل میں غور کرنے کی اہمیت کو جانتے ہوئے ہم اس کے مطابق زندگی گزارنے اور اس کی تعلیمات کی گواہی دینے کے قابل ہوتے ہیں۔

.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................
.........................................................................

ارمیا7:23۔28 زبور94

رنگ جامنی

لوقا11:14۔23

**مرکزی آیت:''جو میرے ساتھ جمع نہیں کرتا،بکھیرتا ہے۔''لوقا11:23**

ہم ہمیشہ یسوع کے ساتھ متحد ہوں گے، ہم اسے یاد کریں گے، صبح سویرے اس کو ذہن میں رکھتے ہوئے ہم اس سے بات کریں گے، ہم اس کے کلمات کو ایک قیمتی خزانے کی طرح محفوظ رکھیں گے تاکہ وقت کی آزمائشوں کا مقابلہ کرسکیں۔اس طرح وہ ہمیں اپنی کلیسیا میں وفادار رہنے کی اجازت دے گا اور اس کی محبت اور سب سے بڑھ کر اس کی خوشی کے پھل کاٹنے دے گا۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

ہوشیع 2:14۔10 زبور 80

رنگ جامنی

مرقس 12:28۔34

**مرکزی آیت: ''۔۔۔ پہلا یہ ہے: ''سن اے اسرائیل!۔۔۔'' مرقس 12:29**

زندگی کے راستے پر چلنے کے لئے یہ پہلا اور لازمی قدم ہے جس کی خداوند نے اپنے ''دس کلمات'' کے ساتھ نشان دہی کی ہے۔ ''سننا''، یعنی یہ یاد رکھنا کہ ''وہ ہے جو ہے''۔ جو ہر وقت تمہارے ساتھ ہے، جو تم سے محبت کرتا ہے اور اس لئے تم خود کو اس کی رہنمائی میں دے سکتے ہو، اس کو اپنے جذبات اور خیالات پر حکمرانی کرنے دو۔ پھر تم اس کی محبت کی نشانی بن جاؤ گے، اور تم سب کے قریب ہو جاؤ گے۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

ہوشیع 1:6۔6 | زبور 50 | رنگ جامنی

لوقا 9:18۔14

**مرکزی آیت: ''اے خداوند، مجھ گنہگار پر رحم فرما۔'' لوقا 13:18**

یہ دعا خداوند کو پسند آئی۔ جس کی وجہ سے گنہگار نئے سرے سے پیدا ہوا۔ وہ دوبارہ خدا اور اپنے بھائیوں کے ساتھ اس شراکت میں واپس بلا لیا گیا جس کے لئے اسے پیدا کیا گیا اور مطلوب تھا۔ میں بھی آج اس دعا کو دہراؤں گا اور یسوع کے ساتھ راہبوں کے اختیار کردہ اس سادہ سے فارمولے کے ساتھ مخاطب ہوں گا۔ ''اے خداوند یسوع مسیح، خدا کے بیٹے مجھ پر رحم فرما، میں ایک گنہگار ہوں۔'' میں اپنی ہر سانس کے ساتھ اس دعا کو بار بار دہراؤں گا۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

| 15۔مارچ | سالِ اوّل روزوں کا چوتھا اتوار | اتوار |
|---|---|---|

1 سموئیل 13-10,7-6,4,1:16 زبور 22

افسیوں 14۔8:5 یوحنا 41۔1:9

رنگ جامنی

**مرکزی آیت: ''میں ایمان لاتا ہوں، اے خداوند!'' یوحنا 38:9**

وہ شخص پیدائشی اندھا تھا۔ ایک بھکاری نے یسوع میں خدا کی طاقت کو کام کرتے ہوئے دیکھا تھا اور جب یسوع نے اس سے پوچھا کہ کیا وہ ابنِ آدم پر ایمان رکھتا ہے جس نے اسے شفا بخشی، تو وہ شخص پختہ یقین کے ساتھ جواب دیتا ہے: ''میں ایمان لاتا ہوں، اے خداوند!'' میں بھی گناہ سے مکمل شفا پانے کے بعد یسوع کے نام کی طاقت سے اس کی خدمت کرنے لگا ہوں، اب میں لوگوں سے محبت کی بھیک نہیں مانگتا۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

اشعیاء 65:17۔21 زبور 29

رنگ جامنی

یوحنا 4:43۔54

**مرکزی آیت: ”وہ اپنے پورے خاندان کے ساتھ ایمان لایا۔“ یوحنا 4:53**

یسوع بادشاہ اس افسر پر رحم کرتے ہیں جو عاجزی کے ساتھ ان سے درخواست کرتا ہے کہ وہ اس کے بیٹے کو شفا دے جو مرنے کے قریب ہے۔ یسوع اس کے ایمان کو دیکھتے ہوئے اس سے کہتا ہے: ”جا! تیرا بیٹا زندہ ہے۔“ وہ اپنے پورے خاندان کے ساتھ یسوع پر ایمان لایا۔ اب اس خاندان کا ایک نیا مرکز ہے، ایک نئی محبت جو اس کے خاندان کو متحد کرتی ہے۔ اب وہ یسوع سے محبت کرتے ہوئے زندگی گزاریں گے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................


..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................




## مقدس پیٹرک، اسقف

**رنگ جامنی**

حزقیال 47:1۔9، 12

زبور 45

یوحنا 5:1۔16

**مرکزی آیت: ''وہ آدمی فوراً شفایاب ہوگیا۔'' یوحنا 5:9**

یسوع نے اسے کہا کہ وہ شفایاب ہو جائے۔ اس مفلوج شخص نے اس کا کہا مانا۔ اور یہی وہ چیز ہے، جو ہم اپنے آپ کو مسیحی کہنے والے کرتے ہیں۔ یسوع ہمیں کہتا ہے: ''معاف کرو۔'' اور ہم معاف کرتے ہیں، چاہے فطری طور پر ہم ایسا نہ کرنا چاہیں۔ ''باپ پر بھروسہ رکھو۔'' اور ہم کسی خوف کے بغیر اپنے وعدوں کا پاس کرتے ہیں۔ ''دوبارہ اٹھو!'' اور ہم اپنی سستی کو چھوڑ کر دوسروں کی خدمت کرتے ہیں۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

| 18۔مارچ | سالِ دوئم روزوں کے ایام | بدھ |
|---|---|---|



## سینٹ سرل آف یروشلم، اسقف اور ڈاکٹر

رنگ جامنی

اشعیاء 49:8۔15

زبور 144

یوحنا 5:17۔30

## مرکزی آیت: ''دوسری طرف، میں تجھے کبھی نہیں بھولوں گا۔'' اشعیاء 49:15

خدا اپنے نبی کے ذریعے لوگوں کو اپنی محبت کا یقین دلانے کی کوشش کرتا ہے۔ چاہے وہ غریب اور گنہگار لوگ ہوں۔ وہ انہیں چراگاہ دیتا ہے۔ وہ ان کے راستوں کو ہموار اور منور کرتا ہے۔ انہیں ان کی مصیبتوں سے نکالتا ہے۔ کیا وہ سمجھیں گے؟ اور میں؟ وہ ہمیں اپنی اس محبت کا یقین دلاتا ہے جو ایک ماں کی محبت سے بھی بڑھ کر ہے۔ وہ ہمیں کبھی نہیں بھولتا۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## مقدس یوسف، مقدسہ مریم کا شوہر

رنگ سفید

سموئیل 7:4۔5، 12۔14، 16 زبور 88

رومیوں 4:13، 16۔18، 22 متی 1:16، 18۔21، 24 یا لوقا 2:41۔51

**مرکزی آیت: ''یوسف نے فرشتے کے حکم کے مطابق عمل کیا۔'' متی 1:24**

یوسف راستباز، مقدسہ مریم، یسوع کی والدہ، کے شوہر اس وقت ایک خواب دیکھتے ہیں جب وہ خفیہ طور پر اپنی حاملہ بیوی کو چھوڑنے کا سوچ رہے تھے۔ خواب میں ایک فرشتہ انہیں بتاتا ہے کہ مریم کے بطن میں سانس لینے والی نئی زندگی روح القدس کا کام ہے۔ لہذا وہ مریم کو اپنے ساتھ رکھ سکتا ہے۔ وہ فوراً فرشتہ کا حکم مانتا ہے اور یوں خدا کا اس کے لئے منصوبہ پورا ہوتا ہے۔ آج وہ ہمیں خدا کی بات سننے میں مدد دیتا ہے۔ جب ہمیں سنگین اور مشکل مسائل کا سامنا ہوتا ہے۔

.....................................................

.....................................................

.....................................................

.....................................................

.....................................................

.....................................................

.....................................................

.....................................................

.....................................................

حکمت2:1، 12۔22 زبور33

رنگ جامنی

یوحنا7:1۔2، 10، 25۔30

**مرکزی آیت: ''میں اس کے پاس آتا ہوں۔'' یوحنا7:29**

یسوع اس بات کو سنتا ہے جو اس کے بارے میں لوگ عید کے دوران کہتے ہیں کہ وہ جانتے ہیں کہ وہ ناصرت سے آیا ہے۔ جب کہ ہمیں نہیں معلوم کہ مسیح کہاں سے آتا ہے۔ یسوع ان کے بیان کو درست کرتے ہوئے کہتا ہے کہ وہ خدا کی طرف سے ہے۔ اسی نے اسے بھیجا ہے۔ یہودی اس بات کو نہیں سمجھتے اور ان کے رہنما یسوع کو گرفتار کرنے کے لئے اپنے لوگوں کو بھیجتے ہیں۔ پھر وہ دیکھیں گے کہ وہ باپ کی طرف سے صلیب پر مرتا ہے جہاں اس کی کامل محبت بسی ہوئی ہے۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

ارمیا 11:18۔20 زبور 7

رنگ جامنی

یوحنا 7:40۔53

**مرکزی آیت: ''میں نے اپنا مقدمہ تمہارے سپرد کردیا ہے۔'' ارمیا 11:20**

ارمیاؔ نبی کو احساس ہوتا ہے کہ کچھ رہنما اسے قتل کرنے کی سازش کر رہے ہیں۔ کیونکہ وہ نہیں چاہتے کہ ارمیاؔ خداوند کے نام سے نبوت کرے۔ پھر ارمیاؔ خدا سے بڑے اعتماد اور سکون کے ساتھ دعا کرتا ہے اور اپنے آپ کو اس کے سپرد کر دیتا ہے، جو ''ایک عادل قاضی ہے اور دل و دماغ کو جانچتا ہے۔'' یسوع کے ساتھ اسی پیشنگوئی کے عین مطابق ہوا۔ جس کا جواب یسوع نے مُردوں میں سے جی اٹھنے پر دیا۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

| 22۔مارچ | سالِ اوّل روزوں کا پانچواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|

رنگ جامنی

حزقیال 37:12۔14 | زبور 129

رومیوں 8:8۔11 | یوحنا 1:11۔45

**مرکزی آیت: ''اے باپ تیرا شکریہ، کیونکہ تو نے میری سن لی۔'' یوحنا 41:11**

اے یسوع تو اس قبر کے سامنے ہے جہاں تیرا دوست لعزر چار دن سے پڑا ہوا ہے۔ تو نے ابھی تک اسے نہیں بلایا۔ لیکن تم پہلے ہی باپ کا شکرادا کر چکے ہو جس نے تمہاری سنی میں بھی تم سے سیکھتا ہوں کہ باپ کا شکریہ ادا کروں۔ حتیٰ کہ اس سے پہلے کہ وہ مداخلت کرے۔ وہ زندگی کا خدا ہے اور ہمیشہ دے سکتا ہے۔

............................................................
............................................................
............................................................
............................................................
............................................................
............................................................
............................................................
............................................................
............................................................
............................................................
............................................................
............................................................



## منگرڈیو کا مقدس طوربیو، اسقف

**رنگ جامنی**

دانیال 13:1۔9،15۔17،19۔30،33۔62 زبور 22

یوحنا 8:1۔11

### مرکزی آیت: ''اس نے زمین پر جھکتے ہوئے لکھا۔'' یوحنا 8:8

اس نے زمین پر اس طرح لکھنا شروع کیا کہ لوگ اس کی طرف متوجہ ہوئے اور سوچنے پر مجبور ہو گئے۔ پھر اس نے جو لکھا تھا، اسے پڑھا۔ ''وہ جس نے کبھی گناہ نہیں کیا۔۔۔'' ہم سمجھتے ہیں کہ صرف وہی عدالت کر کے سزا دے سکتے ہیں، جنہوں نے کبھی گناہ نہ کیا ہو۔ لیکن کون ہے جس نے گناہ نہیں کیا؟

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

عدد 21:4۔9

زبور 101

رنگ جامنی

یوحنا 21:8۔30

**مرکزی آیت: ''تم نیچے سے اور میں اوپر سے ہوں۔'' یوحنا 23:8**

اے یسوع تیرا شکر ہو، جو باپ سے آیا ہے تاکہ مجھ جیسے گنہگار کو بھی اوپر اٹھا کر اس کے ساتھ شراکت میں لائے۔ تو نے خود کو صلیب پر چڑھائے جانے کی اجازت دی تاکہ میں خدا پر بے اعتمادی، تکبر اور خود غرضی کے زہر سے شفا پاؤں۔ اے یسوع! میں تیرے ساتھ مصلوب ہونے والے ''نیک ڈاکو'' کی طرح اپنی نظر تیری طرف اٹھاتا ہوں تاکہ مجھے بھی تیری بادشاہی میں خوش آمدید کہا جائے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................


..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

| بدھ | سال دوئم روزوں کے ایام | 25۔مارچ |
|---|---|---|



## عیدِ بشارت

رنگ سفید

اشعیاء7:10۔14،8:10

زبور39

عبرانیوں10:4۔10

لوقا1:26۔38

### مرکزی آیت:''میرے لئے تیرے قول کے مطابق ہو۔''لوقا1:38

یہ خداوند یسوع مسیح کی بشارت کی عید ہے۔اسے مریم کے''ہاں'' کی عید بھی کہا جا سکتا ہے۔یعنی''میرے لئے تیرے قول کے مطابق ہو۔''اور کلمہ متجسد ہوا۔میں مریم سے ایمان، خدا پر بھروسہ اَور اپنے آپ کو پیش کرنے کا سبق لینا چاہتا ہوں۔اے یسوع! میں اپنے آپ کو تیرے سپرد کرتا ہوں۔میرے ساتھ بھی تیرے قول کے مطابق ہو۔

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

تکوین 3:17۔9 زبور 104

رنگ جامنی

یوحنا 8:51۔58

**مرکزی آیت: ''یسوع ہیکل سے نکل گیا۔'' یوحنا 8:58**

یسوع ان یہودی رہنماؤں سے بات کر رہا تھا، جو یسوع کی الٰہی ذات کے بارے دلائل جاننے کے باوجود اس سے نفرت کرتے تھے۔ اپنے اندھے غرور اور منافقت کی وجہ سے وہ اس شہادت کو ماننے سے قاصر تھے جو بیماروں کی شفا سے اُن کے سامنے رونما ہوئی تھی۔ پھر وہ ہیکل سے نکل گیا اور پھر دوبارہ کبھی ہیکل میں نہیں آیا۔ کیونکہ اب خود یسوع ہی محبت کے خدا کی ہیکل تھا۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

ارمیا20:10۔13

زبور17

رنگ جامنی

یوحنا10:31۔42

**مرکزی آیت:''خداوند ایک بہادر آدمی کی مانند میرے ساتھ ہے۔''ارمیا20:11**

اے یسوع آپ کا وقت قریب آ رہا ہے۔صحائف انبیاء میں سب سے زیادہ مذہبی اَور تعلیم یافتہ لوگوں نے کبھی آپکو قبول نہیں کیا۔تو نے باپ کی بشارت دی،جس سے ان کا مغرور اور خودغرض دل نا آشنا تھا۔اور اب ایذ ارسانی کا وقت آیا۔اے یسوع!ارمیا نبی کی طرح خدا تیرے ساتھ تھا۔میں تجھے سجدہ کرتا ہوں اور تیرے مشن کے لئے تکلیفیں برداشت کرنا سیکھوں گا۔

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

حزقیال 37:21۔28 زبور، ارمیا 31:10۔13 رنگ جامنی

یوحنا 11:45۔56

**مرکزی آیت: ''میں ان کو ان کی تمام بے وفائیوں سے آزاد کرواؤں گا۔'' حزقیال 23:37**

اے یسوع تو جن ایذا رسانیوں کا سامنا کر رہا ہے، ہم ان کا آنے والے پاک ہفتہ میں جشن منائیں گے۔ حزقیال ہمیں تیار کر رہا ہے۔ کہ تو ہمیں تابعدار بچوں جیسا صاف اور نیا دل دینے کے لئے تکلیف اٹھائے گا۔ تاکہ ہم باپ کی مرضی پوری کرنے کے قابل ہوں اور آخرکار ابدی خوشی کو جان سکیں۔ تیرا شکر ہو اے یسوع!

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

................................................................


................................................................

................................................................

................................................................

................................................................

| 29۔مارچ | سال اوّل کھجوروں کا اتوار | اتوار |
|---|---|---|



| یسوع کی اذیت کا اتوار | رنگ سرخ |
|---|---|

متی 21:1۔11 اشعیاء 50:4۔7 زبور 21

فلپیوں 2:6۔11 متی 26:14۔27،66

**مرکزی آیت: ''یہ ناصرت کا نبی یسوع ہے۔'' متی 21:11**

یسوع ایک بڑے ہجوم کے ساتھ عیدِ فصح کے لئے یروشلم آ رہے ہیں۔ لوگ فتح کے جلوس میں شامل ہو کر گا رہے ہیں: ''مبارک ہے وہ جو خداوند کے نام سے آتا ہے۔'' یسوع ایک بادشاہ کی طرح گدھی کے بچے پر سوار فاتحانہ انداز میں شہر میں داخل ہوتا ہے۔ وہ جانتا ہے کہ وہ کوئی دنیاوی بادشاہ نہیں ہے بلکہ صحائف انبیاء کا مسیح بادشاہ ہے۔ جو عاجزی کے ساتھ آتا ہے مگر اپنے قول و فعل میں طاقتور نبی ہے۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

| 30۔مارچ | سال دوئم روزوں کے ایام | پاک سوموار |
|---|---|---|

اشعیاء 42:1۔7 زبور 26

رنگ جامنی

یوحنا 12:1۔11

**مرکزی آیت: ''مگر تم مجھے ہمیشہ نہ پاؤ گے۔'' یوحنا 12:8**

یہوداہ، جو یسوع سے نہیں بلکہ پیسے سے محبت کرتا تھا، مریم کے اس عقیدت مندانہ عمل پر تنقید کرتا ہے کہ اس نے یسوع کے پاؤں پر بیش قیمت عطر چھڑکا۔ یہودہ غریبوں سے دکھاوے کی محبت کرتا ہے۔ مگر ایک نادیدہ یسوع سے وہی لوگ پیار کرتے ہیں جو غریبوں کے ساتھ سچے، الٰہی، مقدس اور موثر انداز میں محبت کرتے ہیں۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

اشعیاء 49:1۔6 زبور70

رنگ جامنی

یوحنا13:21۔33،36۔38

**مرکزی آیت:''جہاں میں جارہا ہوں،تم وہاں نہیں آسکتے۔''یوحنا13:35**

اے یسوع! آخری کھانے کے موقع پر آپ اپنے شاگردوں پر الٰہی بھید ظاہر کرنے کی کوشش کررہے تھے۔یعنی خدا کی مرضی۔صلیب پر موت تمہارا انتظار کررہی تھی۔اورآپکو وہاں اکیلے جانا تھا۔تو اکیلا ہی وہ محبت ہے جو دنیا کو بچاسکتی ہے۔جب تو دوبارہ جی اٹھے گا تو اپنے شاگردوں پر روح القدس پھونکے گا تاکہ وہ بھی کامل محبت کے راستے پر چلنے کے قابل ہوسکیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................